[...] مولانا دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل تھے، استعداد پختہ تھی، [...] مناسبت اور دلچسپی کم وبیش ہر فن سے تھی تاہم تفسیر اور حدیث ان کا خاص فن تھے، ایک عرصہ تک مالیگاؤں کے مختلف مدارس میں استاد رہے، لیکن ان کی زندگی کا سب سے بڑا اور اہم کارنامہ جو ان کے لئے بقائے دوام کا ضامن ہے، مسلمان لڑکیوں کے لئے درس نظامی کا وہ عظیم الشان مدرسہ ہے جو مالیگاؤں میں جامعۃ الصالحات کے نام سے معروف ومشہور ہے، اب تو لڑکیوں کے لئے بڑے بڑے عربی مدارس ادھر اُدھر اور بھی کئی ایک ہو گئے اور ہوتے جارہے ہیں، لیکن صوری اور معنوی دونوں اعتبار سے جامعۃ الصالحات کو یک گونہ شرف فضیلت وتقدم حاصل ہے اور یہ سب کچھ نتیجہ ہے مولانا مرحوم کے اخلاص ومحبت، محنت ومشقت اور ذوق تعمیر وحسن انتظام کا۔ راقم نے کئی مرتبہ جامعہ کی دورۂ حدیث کی طالبات کا امتحان لیا ہے اور ہر مرتبہ طالبات کے صحیح اور برمحل جوابات سے دلی مسرت محسوس کی ہے، ان کو جامعۃ الصالحات سے عشق تھا شب وروز اس کے کاموں میں معروف رہتے تھے، اللہ تعالیٰ ان کو [...] وصلحا کا مقام جلیل عطا فرمائے اور جامعۃ الصالحات کو کسی قسم کے شر اور [...] سے محفوظ رکھے۔